30/01/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر

ہیڈ لائنز

*........ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس کل سے // مرکزی حکومت کا سبھی پارٹیوں سے اجلاس کے احسن انعقاد کےلئے تعاون طلب۔

*........ ملک آج بابائے قوم مہاتما گاندھی کو ان کی 77ویں برسی پر کر رہا ہے خراج عقیدت ادا ۔

*.......لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے آ ج کے پر تناؤ دور میں امن اور عدم تشد د کی روایات کی اہمیت کو کیا اجا گر ۔

اور

*........وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی ممبئی میں OTM-2025 میں شرکت// جمونو کشمیر کو عالمی سیاحت کا مرکز بنانے کے عزم کا کیا اعادہ۔

بجٹ اجلاس

کل سے شروع ہونے والے بجٹ اجلاس کے تعلق سے آج نئی دلی میں تمام پارٹیوں کی ایک میٹنگ نڈّا ، پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجیجو JP منعقد ہوئی ۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ ، وزیر صحت کے ممبر پارلیمنٹ سُدیپ بندوپادھیائے ، TMC، کانگریس ایم پی جے رام رمیش اور گورو گگوئی ، کے DMK کے ممبر پارلیمنٹ سمیت پاترا اورBJDسماج وادی پارٹی کے ایم پی رام گوپال یادو ، بالو کے علاوہ کئی دیگر شخصیات نے بھی میٹنگ میں شرکت کی ۔ میٹنگ کے TR رکن پارلیمان دوران حکومت نے پارلیمانی سیشن کے احسن اور بلا رکاوٹ کے انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے تمام جماعتوں سے تعاون طلب کیا ۔

بجٹ

واضح رہے کہ اجلاس کے پہلے دن کل صدر جمہوریہ دروپدی مرموپارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے خطاب کریں گی۔وزیر خزانہ نر ملا سیتارمن یکم فروری کو مالی سال2025-26 کا بجٹ پیش کریں گی۔ عام لوگوں نے امید ظاہر کی ہے کہ بجٹ میں ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اس ضمن میں وادی کے ایک معروف صحافی اور اقتصادی معاملات کے ماہر حکیم عرفان نے اپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے کہا۔

وقف بل

وقف ترمیمی بل سے متعلق ممبر پارلیمنٹ جگدمبیکا پال کی سربراہی والی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے آج پارلیمنٹ ہاؤس میں اپنی رپورٹ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کو پیش کی ۔

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی نے زیادہ حکمرانی۔ کم حکومت کے منتر کے تحت سر دار پٹیل کی طرف سے دیئے گئے بیورو کریسی کے سٹیل فریم آف انڈیا نظریے کو تقویت بخشی ہے۔ آج گاندھی نگر گجرات میں ایک کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے اب تک فرسودہ ہوئے2ہزار قوانین کو رد کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان میں دستاویزات کی کسی بھی گیزیٹیڈ افسر کے تصدیق کرانے کا قانون بھی شامل ہے۔

خراج عقیدت

قوم آج مہاتما گاندھی کو ان کی77ویں برسی اور شہیدی دیوس کے موقعے پر انہیں خراج عقیدت ادا کر رہی ہے ۔ آج صبح راج گھاٹ نئی دلی گاندھی سمادھی پر سبھی مذاہب کی ایک دعائیہ مجلس منعقد ہوئی۔

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے گاندھی جی کی سمادھی پر گل دائرہ چڑھایا۔نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ ، وزیر اعظم نریندر مودی اور پارلیمنٹ میں حزب اختلاف کے لیڈر راہل گاندھی نے بھی گاندھی جی کی سمادھی پر گلہائے عقیدت نذر کئے ۔

مرکزی وزراءراجناتھ سنگھ ، منوہر لال کھٹر اور فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہان بھی اس موقعے پر موجود تھے۔گاندھی جی کی برسی کو شہیدی دِوس کے طو رپر بھی منایاجا تا ہے ۔

ایل جی گاندھی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج کے پر تناؤ اور تضادات کے دور میں امن اور عدم تشدد کی روایات کی اہمیت کو اجا گر کیا ہے۔ جموں میں آج گاندھی گلوبل فیملی کی طرف سے با بائے قوم مہاتما گاندھی کی برسی کے موقعے پر شانتی دوُت سملین کے دوران مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ آج کل کے سماج کو انسانیت کا صحیح راستہ دکھانے میں باپو کے اصول ایک اہم رول ادا کرسکتے ہیں۔منوج سنہا نے کہا کہ آج کے دن ہم ان تمام لیڈروں ، مجاہدین آزادی اور شہیدوں کو خراج عقیدت ادا کرتے ہیں جنہوں نے ملک کی آزادی کو یقینی بنانے کیلئے بے مثال کام کیا ،ایل جی نے کہا۔

BJP

بھارتیہ جنتا پارٹی کی طرف سے بھی آج پارٹی ہیڈ کواٹر جموں میں مہا تما گاندھی کو انکی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا گیا۔ اس موقعے پر جد وجہد آزادی نیز ملک کی ترقی کو یقینی بنانے میں آنجہانی کے رول کو اُجاگر کیا گیا۔ تقریب پر بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر ست شرما، جنرل سیکریٹری اشوک کول اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

با بائے قوم کے مہا تما گاندھی کے یوم وصال پر جموں میں پردیش کانگریس کمیٹی کے اہتمام سے ایک پرارتھنا سبھا منعقد ہوئی۔ اس موقعہ پر پارٹی کے پردیش صدر طارق حمید قرہ اور دیگر پارٹی لیڈروں نے مہا تما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج ممبئی میں ایشیاءکے سب سے بڑے ٹراوِل اور ٹریڈ شو میں جمونو کشمیر کے ٹور ازم پویلین کا دورہ کر کے ٹراوِل آپریٹروں، دستکاروں، سیاحت محکمے کے حکام اور دیگر متعلقین کے ساتھ بات چیت کی۔ انہوں نے سیاحت کے فروغ کے تئیں حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ سیاحت کا شعبہ اُن کی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور سرکار جموں وکشمیر کو دنیا کے بہترین سیاحتی مرکز کے بطور تیار کرنے کےلئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ Out Bound Travel Mart میں شرکت اس مقصد کے حصول کی طرف ایک قدم ہے۔

ملاقات

JSW گروپ کے چیر مین اور منیجنگ ڈائریکٹر سجن جندل نے آج جموں کشمیر کے دریں اثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی اور گلمرگ کو سکینگ اور سیاحت کے ایک عالمی

مرکز کے طور پر ترقی دینے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ سجن جندل نے اس تعلق سے فاؤنڈیشن کی طرف سے متعدد اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرائی ۔JSW

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔DTH خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس

پر بھیج سکتے ہیں۔ akashvanisrinagarnews@gmail.com

انٹرو کوڈ

با بائے قوم مہاتما گاندھی کی برسی کے موقعے پر آج کوڈ بیماری مخالف دن ہے۔ واضح رہے کہ مہا تما گاندھی نے اس بیماری سے متاثرین کے حقوق اور وقار کی پاسداری کو یقینی بنانے کےلئے کا فی کام کیا۔ پیش ہے اس سلسلے میں شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر کی یہ رپورٹ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے آج ڈاک بنگلہ نوشہرہ میں2کروڑ50لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ہو رہے پلاش پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت تمام علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دینے کی وعدہ بند ہے۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران یو ٹی میں عملائے جا رہے سو دنوں پر مشتمل تپ دق مخالف پروگرام کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر ڈپٹی کمشنروں اور متعلقہ چیف میڈیکل افسروں پر زور دیا گیا کہ وہ تپ دق ٹیسٹنگ کے عمل میں تیزی لائیں تاکہ سماج کو مکمل طور سے اس بیماری سے چھٹکارا مل سکے۔

تپ دق

ادھراس مہم سے جموں کشمیر میناب تک سینکڑوں تپ دق کے مریض مستفید ہوئے ہیں اور یہ مریض صحت یاب ہو کر معمول کی زند گی گذار رہے ہیں۔ صحت یاب ہوئے ایک مریض نے اپنے تاثرات کچھ اس طرح بیان کئے۔

نشہ

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دینے کیلئے انفرادی و اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے ہرسطح پر کاوشیں جاری ہیں ۔ اس حوالے سے جب ہم نے وادی کی ایک صحافی فرزانا ممتاز کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

پولیس

دریں اثناءپولیس نے تین منشیات فروشوں کو گرفتار کیا ہے۔ ان میں لارم گنجی پورہ کاعادل احمد شیخ، ہردونا کا ایاز احمد بٹ اور ہدی پورہ وتر گام کا نثار احمد لون شامل ہیں۔ جموں و کشمیر پولیس نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس لعنت کے خلاف جنگ میں پولیس کو اپنا بھر پور تعاون دیں اور منشیات سے متعلق کسی بھی سرگرمی کی اطلاع فون نمبر112پر دیں۔

مہا کنبھ

ان دنوں یو پی کے شہر پریاگ راج میں مہا کنبھ میلہ خوش اسلوبی سے جاری ہے یہ میلہ 26فروری تک جاری رہے گا اور اب تک کروڑوں شردھالوں نے پوتر اسنان کیا ہے ۔

یوپی کے چیف سیکریٹری اور ڈائریکٹر جنرل پولیس نے آج پریاگ راج کا دورہ کرکے وہاں سنگم گھاٹ میں پیش آئے کل کے بھگدڈ کے حادثے کے تناظر میں مہا کنبھ میں سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا۔

جا وید ڈار

امداد باہمی اور زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار نے کہا ہے کہ جمونوکشمیر نے کواپریٹیو سیکٹر کو مستحکم کرنے کی ضمن میں کا فی پیش رفت حاصل کی ہے۔جموں میں منعقدہ تقریب سے نے سال 2025 کو کواپریٹیوز کے بین UNO خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ الاقوامی سال کے طور پر منانے کا اعلان کیا ہے۔

NC

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے آج سرینگر میں پارٹی ہید کواٹر پر کارکنوں سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ موجودہ سرکار لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کےلئے اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ زمینی سطح پر لوگوں کے ساتھ رابطہ کر کے انکی راحت رسانی کرے۔

بھارت پرو

آکاشوانی ،یوم جمہوریہ کے تناظر میں26جنوری سے 31جنوری تک ’’بھارت پروو ‘‘منا رہا ہے۔ اس دوران ملکی آئین کے مختلف گوشوں کو اُجا گر کیا جاتا ہے ۔ واضح رہے کہ 1950میں 26جنوری کو ہی بھارتی آئین کا نفاذ عمل میں لایا گیا تھا ۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 12اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی1 اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24اعشاریہ1ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت9اعشاریہ1ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر30منٹ پراور

غروب آفتاب شام5بجکر59منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔